کنز المدارس بورڈ کے نصاب کے عین مطابق

# خلاصہ شمائل ترمذی

(سوالاً جواباً)

مولانا محمد احسن المدنی (پرنسپل ماڈل جامعۃ المدینہ اشاعت الاسلام، ملتان)

کمپوزنگ: رابعہ بی ایس

# مختصر سوالات

**سوال۰۱: حضور صلی اللہ یہ وسلم کا قد مبارک کیسا تھا؟**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نہ تو بہت لمبے تھے اور نہ چھوٹے قد کے (بلکہ میانہ قد) لمبائی کی طرف مائل تھا۔

**سوال۰۲: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا رنگ مبارک کیسا تھا؟**

**جواب:** آپ صلی اللہ وسلم نہ تو بہت سفید تھے اور نہ ہی زیادہ گندمی گورے تھے۔

**سوال۰۳: حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے بال مبارک کیسے تھے؟**

**جواب:** حضور صلی اللہ وسلم کے بال مبارک نہ تو زیادہ گھنگھریالے تھے اور نہ بالکل سیدھے تھے۔

**سوال۰۴: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اعلان نبوت کتنی عمر شریف میں کیا؟**

**جواب:** جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اعلان نبوت کیا تو اس وقت آپ کی عمر ۴۰ سال پر تھی۔

**سوال۰۵: الفاظ کے معانی لکھیں۔**

**جواب:** (۱) **لیس بالطویل**: زیادہ لمبا نہ تھا () حسن الجسم: خوبصورت جسم

(۳) اسمر اللون: گندمی رنگ

(۴) مشی یتکفا: چلتے ہوئے آگے کو جھک کر چلنا

**سوال۰۶: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھیں مبارک کیسی تھی؟**

**جواب:** آپ کی آنکھیں خوب سیاہ (سرمہ لگا ہوا معلوم ہوتا) تھی۔

**سوال۰۷: طویل المسربۃ" کا ترجمہ لکھیں۔**

**جواب:** سینے سے ناف تک بالوں کی ایک لمبی لکیر

**سوال۰۸: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کس طرح چلتے تھے؟**

**جواب:** جب چلتے تو زور سے پاؤں اٹھاتے گویا کہ بلندی سے اتر رہے ہیں

**سوال۰۹: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رخسار مبارک کیسے تھے؟**

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رخسار نرم اور ہموار تھے۔

**سوال۱۰: الفاظ کے معانی لکھیں**

**جواب:**(۱)عقیقت: مانگ (۲) شحمة أذني: کان کی لو

(۳)ازھر اللون: چمکدار رنگ

(۴)واسع الجبین: کشادہ پیشانی

**سوال۱۱: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ایڑیاں مبارک کیسی تھیں؟**

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایڑیاں مبارک دبلی پتلی تھیں۔

**سوال۱۲: آپ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی نظر میں کس سے زیادہ حسین تھے؟**

**جواب:** حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میری نظر میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم چاند سے بھی زیادہ حسین تھے۔

**سوال۱۳: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ مبارک کیسا تھا؟**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ مبارک بدر کی طرح روشن تھا۔

**سوال۱۴: "کَانَ رَسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم أبیض کانما صیغ من فضۃ" حدیث کا ترجمہ تحریر کریں**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم سفید رنگ کے تھے گویا کہ چاندی ڈھالی گئی ہو۔

**سوال۱۵: الفاظ کے معانی تحریر کریں**

**جواب:**(۱)ضلیع الفم: منہ بھر کلام کرنا یعنی فصاحت وبلاغت کے ساتھ

(۲)اشکل العین: بڑی آنکھیں (۳) منھوس العقب: ایڑیوں پر گوشت کا کم ہونا

(۴) مسیح القدمین: دونوں برابر قدم

**سوال۱۶: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کے دانت مبارک کیسے تھے؟**

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کے دانت مبارک کشادہ تھے جب آپ گفتگو فرماتے تو ان سے نور نکلتا ہوا دیکھائی دیتا۔

**سوال۱۷: آپ صلی اللہ اسلم کے دونوں کندھوں کے درمیان مہر نبوت کس کی مثل تھی؟**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دونوں کندھوں کے درمیان مہر نبوت گنبد نما گٹھ کی مثل تھی۔

**سوال۱۸: حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کندھوں کے درمیان کیا دیکھا؟**

**جواب:** حضرت جابر نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے کندھوں کے درمیان کبوتری کے انڈے کی مثل سرخ غدود دیکھی۔

**سوال۱۹: سعد بن معاذ کی وفات پر حضور نے کیا فرمایا؟**

**جواب:** سعد بن معاذ کی وفات پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا عرش بھی حرکت کرنے لگا تھا۔

**سوال۲۰: الفاظ معانی بیان کریں۔**

**جواب:** (۱) اصابقی: میری انگلیاں (۲) اھتز: حرکت کرنا: (۳) غدت: غدود

(۴) النخل: کھجور کا درخت (۵) شعرات: بال

**سوال۲۱: ابو نضرہ عوفی نے مہر نبوت کے بارے میں کیا فرمایا؟**

**جواب:** ابو نضرہ عوفی فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ سلم کی پشت مبارک میں اُبھرا ہوا ایک گوشت کا ٹکڑا تھا

**سوال۲۲: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بالوں کا کیا حلیہ تھا؟**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بال مبارک آپ کے کانوں کے نصف تک تھے۔

**سوال۲۳: براء بن عازب نے حضور کے حلیہ کے بارے میں کیا فرمایا؟**

**جواب:** فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم وجود و خلقت کے اعتبار سے میانہ قد والے تھے آپ کے دونوں کندھوں کے درمیاں کچھ دوری تھی اور آپکے مبارک بال کان کی لو تک تھے۔

**سوال۲۴: الفاظ کے معانی لکھیں**

**جواب:** (۱) **اناءواحد:** ایک برتن (۲) **مربوع:** میانہ قد (۳) **شحمۃ:** لو (۴) **جعد:** گھنگھریالے (۵) **سبط:** سیدھے

**سوال۲۵: حضرت ام ہانی نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بالوں کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا؟**

**جواب:** حضرت ام ہانی نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بالوں کو چار حصوں میں تقسیم کیا۔

**سوال۲۶: رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے کنگھا کرنے کے بارے میں لکھیں**

**جواب:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کبھی کبھار کنگھا کرتے تھے لیکن روزانہ کنگھا کرنے سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا۔

**سوال۲۷: رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے بالوں کے بارے میں لکھیں**

**جواب:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بال نہ تو بہت زیادہ گھنگریالے تھے اور نہ سیدھے۔

**سوال۲۸: الفاظ معانی بیان کریں**

**جواب:**(۱)**ترجل**: کنگھا کرنا (۲)**لحیتہ**: ڈاڑھی (۳)**ثوب**: کپڑے (۴)**ضفائر**: حصے (۵)**زیت**: تیل

**سوال۲۹: حضرت عبد اللہ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنھما کے پاس کیا دیکھا؟**

**جواب:** حضرت عبد اللہ نے حضرت انس کے پاس حضور علیہ اسلام کا خضاب کیا ہوا بال مبارک دیکھا۔

**سوال۳۰: عربوں کی جاہلانہ رسمیں مختصراً بیان کریں؟**

**جواب:** عربوں کی جاہلانہ رسمیں مندرجہ ذیل ہیں:

عربوں کی جاہلانہ رسم کے مطابق بیٹے کے جرم میں باپ اور باپ کے جرم میں بیٹا پکڑا جائے گا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اس کا وبال تجھ پر نہیں اور تیرا وبال اس پر نہیں"

**سوال۳۱: مندرجہ ذیل الفاظ کے معانی لکھیں**

**جواب:**(۱)**خضاب**: مہندی (۲)**ردغ**: مہندی (۳)**حناء**: خوشبو (۵)**ینفض**: وہ جھاڑتا ہے

**سوال۳۲: اثمد سرمہ کے فوائد بیان کریں۔**

**جواب:** نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اثمد سرمہ لگایا کرو کیونکہ وہ آنکھوں کو روشن کرتا ہے اور پلکوں کے بال پیدا کرتا ہے۔

**سوال۳۳: حضور علیہ السلام سرمہ کب لگاتے تھے؟**

**جواب:** حضور علیہ السلام کے پاس ایک سرمہ دانی تھی اس میں سے آپ ہر رات تین مرتبہ ایک آنکھ اور تین مرتبہ دوسری میں لگاتے تھے۔

**سوال۳۴: حضور علیہ السلام کون سا سرمہ استعمال کرتے تھے؟**

**جواب:** حضور علیہ السلام اثمد سرمہ استعمال کرتے تھے۔

**سوال۳۵: حضور علیہ السلام کا پسندیدہ لباس کونسا تھا؟**

**جواب:** حضرت ام سلمہ فرماتی ہیں کہ حضور علیہ السلام کا سب سے زیادہ پسندیدہ لباس قمیص (کرتہ) تھا۔

**سوال۳۶: مندرجہ ذیل الفاظ کے معانی لکھیں۔**

**جواب:**(۱)**الشعر**: بال (۲)**مخضوبا**: خضاب کیے گئے (۳)**ینبت**: وہ اگاتا ہے (۴)**مکحلۃ**: سرمہ دانی

**سوال۳۷: حضرت انس رضی اللہ عنہ حضور علیہ السلام کے سر اور داڑھی کے بالوں کے متعلق کیا فرماتے ہیں؟**

**جواب:** حضرت انس رضی اللہ عنہ حضور علیہ السلام کے سر اور داڑھی کے بالوں کے متعلق فرماتے ہیں کہ حضور علیہ السلام کے سر اور داڑھی میں صرف چودہ بال سفید تھے۔

**سوال۳۸: حضور صلی الہ علیہ وسلم کونسی صورتوں کی تلاوت کرتے ہوئے بوڑھے ہوگئے؟**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے سورہ ھود، واقعہ، مرسلات اور تکویر کی تلاوت نے بوڑھا کر دیا۔

**سوال۳۹: حضور علیہ السلام کے بالوں پر کونسے رنگ کی سفیدی نمایاں تھیں؟**

**جواب:** حضور علیہ السلام کے بالوں پر سرخ رنگ کی سفیدی نمایاں تھی۔

**سوال۴۰: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مانگ مبارک میں کتنے بال سفید تھے؟**

**جواب:** حضور علیہ السلام کی مانگ مبارک میں چند بال سفید تھے اور آپ تیل لگاتے تو وہ چھپ جاتے تھے

**سوال۴۱: مندرجہ ذیل الفاظ کے معانی لکھیں۔**

**جواب:** (۱) **مفرق:** مانگ (۲) **شیب:** سفیدی (۳) **شیبت:** اس نے بوڑھا کر دیا (۴) **راس:** سر (۵) **بیضاء:** سفید

**سوال۴۲: کیا حضور علیہ السلام نے کبھی خضاب کیا؟**

**جواب:** جی ہاں حضور علیہ السلام نے خضاب کیا ہے۔

**سوال۴۳: حضور علیہ السلام نے غسل فرمایا تو اپنے سر کو جھاڑا۔ تو آپ کے سر مبارک میں کس کا اثر تھا؟**

**جواب:** حضور علیہ السلام نے جب غسل کر کے سر مبارک جھاڑا تو آپ کے سر مبارک میں خوشبو کا اثر تھا یا پھر منہدی کا اثر تھا۔

**سوال۴۴: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی روایت کے مطابق حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا پسندیدہ لباس کون سا تھا؟**

**جواب:** حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پسندیدہ لباس قمیص تھی

**سوال۴۵: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک قمیص کی آستین کسی عضو تک ہوتی تھی؟**

**جواب:** حضور اکرم صلی علیہ وسلم کی مبارک قمیص کی آستین کلائی تک ہوتی تھی۔

**سوال۴۶: الفاظ کے معانی لکھیں**

**جواب:** (۱) **جیب:** گریبان (۲) **الرسغ:** کلائی (۳) **رھط:** گروہ (۴) **یتکئ:** ٹیک لگائے ہوئے (۵) **توشح:** کندھا

**سوال۴۷: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نیا کپڑا پہنتے تو کیا عمل کرتے؟**

**جواب:** حضرت ابو سعید خدری فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کوئی نیا کپڑا پہنتے تو اس کا ایک خاص نام لیتے پگڑی، کرتہ یا چادر پھر دعا کرتے تھے۔

**سوال۴۸: جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نیا کپڑا پہنتے تو کیا دعا کرتے تھے؟**

**جواب:** جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نیا کپڑا پہنتے تو فرماتے اے اللہ! اس کپڑے کے پہنانے پر تیری ثنا کرتا ہوں میں تجھ سے اس کی اور جس کے لیے یہ بنایا گیا اس کی بھلائی چاہتا ہوں اور تجھ سے اس کے شر اور جس کے لیے یہ بنایا گیا ہے اس چیز کے شر سے پناہ چاہتا ہوں۔

**سوال۴۹: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت کے مطابق پسندیدہ کپڑا کون سا تھا؟**

**جواب:** حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پسندیدہ ترین کپڑا جسے آپ پہنتے تھے یمنی منقش چادریں تھیں۔

**سوال۵۰: حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سرخ لباس میں دیکھا تو کیا فرمایا؟**

**جواب:** حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سرخ لباس میں دیکھا تو آپ صلی اللہ علیہ سلم سے زیادہ خوبصورت کوئی اور نہیں دیکھا۔

**سوال۵۱: ابو رمثہ رضی اللہ عنہ نے حضور صلی الہ علیہ وسلم کو کس حال میں دیکھا تھا؟**

**جواب:** ابو رمثہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے حضور صلی اللہ وسلم کو اس حال میں دیکھا کہ آپ پر دو سبز چادریں تھیں۔ (جنتوں کا لباس کہ ہو گا)

**سوال۵۲: جس حالت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت براء بن عازب کو دیکھا تو اس وقت حضور صلی اللہ لہ وسلم کے بال کسی حالت میں تھے؟**

**جواب:** جب حضرت براء نے حضور صلی اللہ علہ وسلم کو دیکھا تو حضور کے بال مبارک کانوں کے قریب تک پہنچ ہوئے تھے۔

**سوال۵۳: الفاظ معانی بیان کریں۔**

**جواب:** (۱) **جبرۃ:** یمنی چادریں (۲) **بردان:** دو چادریں (۳) **اخضر:** سبز (۴) **جمت:** بال

**سوال۵۴: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کس طرح کے / کس رنگ کے کپڑے پہننے کی تلقین فرمائی؟**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم سفید کپڑے پہنو، تمہارے زندہ بھی پہنیں اور مردوں کو بھی یہی کفن دو کیونکہ یہ بہترین کپڑے ہیں۔

**سوال۵۵: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کس رنگ کے کپڑوں کو پاکیزہ اور ستھرے فرمایا ہیں؟**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ سلم نے فرمایا "سفید کپڑے پہنو اور مردوں کو بھی انہیں میں کفن پہناؤ کیونکہ یہ کپڑے زیادہ پاکیزہ اور ستھرے ہیں"۔

**سوال۵۶: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کس طرح کا جبہ پہنا تھا؟**

**جواب:** حضرت مغیرہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تنگ آستینوں والا رومی جبہ پہنا۔

**سوال۵۷: کتان سے کیا مراد ہے نیز بخ بخ کس لیے بولا جاتا ہے؟**

**جواب:** کستان ایک قیمتی کپڑے کا نام ہے اور بخ بخ تعجب کے لیے بولا جاتا ہے۔

**سوال۵۸: الفاظ معانی بیان کریں.**

**جواب: جوع:** بھوک (۲) **عیش:** گزار کرنا (۳) **شع:** بال (۴) **عنقی:** میری گردن

**سوال نمبر:۵۹ حضور صلی اللہ علیہ سلم نے پیٹ بھر کر اکیلے طور پر کیا چیز نہیں کھائی؟**

**جواب:** مالک بن دینار فرماتے ہیں رسول اللہ نے کبھی روٹی اور نہ ہی گوشت سیر ہو کر اکیلے نہیں کھایا مگر لوگوں کے ساتھ۔

**سوال نمبر:۶۰ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نجاشی کو بطور تحفہ کیا بھیجا؟**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نجاشی کو دو سیاہ رنگ کے موزے بطور تحفہ بھیجے تھے۔

**سوال نمبر:۶۱ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جوتے مبارک کیسے تھے؟**

**جواب:** حضور علیہ سلام کے جوتے مبارک کے پر کفش میں دو تسمے تھے

**سوال نمبر:۶۲ حضور اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جوتے پر کیا نہیں تھا؟**

**جواب:** سیدنا ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں کہ حضور علیہ سلام کے جوتے مبارک پر بال نہیں تھے۔

**سوال نمبر:۶۳ سیدنا عمرو بن حریث نے سرکار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جوتوں مبارک کے بارے میں کیا فرمایا؟**

**جواب:** آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور علیہ سلام ایسے جوتوں میں نماز پڑھ رہے تھے جن میں پیوند لگے ہوئے تھے

**سوال نمبر:۶۴ حضور علیہ سلام نے جوتا پہن کر چلنے کے بارے میں کیا فرمایا؟**

**جواب:** حضور علیہ اسلام نے فرمایا تم میں سے کوئی ایک جوتا پہن کر نہ چلے دونوں پہن لے۔ یا دونوں اتار دے۔

**سوال نمبر:۶۵ حضور علیہ سلام نے کھانا کھانے اور جوتا پہنے میں کس چیز سے منع فرمایا؟**

**جواب:** حضور علیہ السلام نے الٹے ہاتھ سے اور ایک جوتا پہن کر چلنے سے منع فرمایا۔

**سوال نمبر:۶۶ حضور علیہ الصلوۃ وسلام نے جوتا پہننے اور اتارنے کی ابتداء کے بارے میں کیا فرمایا؟**

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب کوئی جوتا پہنے تو دائیں جانب سے شروع کرے اور جب اتارا کرے تو بائیں جانب سے شروع کرے

(پہننے کے لحاظ سے دایاں پاؤں پہلے ہے اور اتارنے کے لحاظ سے دایاں پاؤں آخر میں ہے)

**سوال نمبر:۶۷ وہ کونسے سے صحابی ہیں جنہوں نے ایک تسمے کی گرہ باندھی؟**

**جواب:** حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پہلے صحابی ہیں جنہوں نے ایک تسمے کی گرہ باندھی تھی۔

**سوال نمبر:۶۸ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کونسی انگوٹھی پہنتے تھے؟ اسکے نگینہ کی وضاحت کریں؟**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چاندی کی انگوٹھی پہنا کرتے تھے۔ اسکا نگینہ حبشی پتھر کا تھا.

**سوال نمبر:۶۹ حدیث کے مطابق امراء عجم کن خطوط کو قبول نہیں کرتے تھے؟**

**جواب:** "حدیث کے مطابق امراء عجم ان خطوط کو قبول نہیں کرتے تھے جس پر مہر نہیں لگی ہوتی"

**سوال نمبر:۷۰ حدیث کے مطابق حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی انگوٹھی پر کیا لکھا ہوا تھا؟**

**جواب:** نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی انگوٹھی کا نقش اس طرح تھا کہ ایک سطر میں محمد دوسری سطر میں رسول اور تیسری سطر میں لفظ اللہ تھا۔

**سوال نمبر:۷۱ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جو انگوٹھی بنوائی اس کا حلقہ کس چیز کا بنا ہوا تھا؟**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جو انگوٹھی بنوائی اس کا حلقہ چاندی کا تھا۔

**سوال نمبر:۷۲ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی انگوٹھی کسی کنویں میں گری تھی؟**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی انگوٹھی اریس کے کنویں میں گرتی تھے۔

**سوال نمبر:۷۳ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیت الخلا جایا کرتے تو انگوٹھی کا کیا کرتے تھے؟**

**جواب:** جب حضور صلی اللہ علیہ سلم بیت الخلاء میں جاتے تو انگوٹھی کو اتار دیتے تھے۔

**سوال نمبر:۷۴ حدیث کے مطابق حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم انگوٹھی کسی ہاتھ میں پہنتے تھے؟**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم انگوٹھی اپنے دائیں ہاتھ میں پہنتے تھے۔

**سوال نمبر:۷۵ حضرت سیدنا حسن اور حضرت سیدنا حسین رضی اللہ عنہما کسی ہاتھ میں انگوٹھی پہنا کرتے تھے؟**

**جواب:** حضرت سیدنا حسن اور سیدنا حسین رضی اللہ عنہما دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنا کرتے تھے۔

**سوال نمبر:۷۶ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے جب سونے کی انگوٹھی پھینکی تو کیا فرمایا؟**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا میں اسے کبھی نہیں پہنوں گا پھر لوگوں نے بھی اپنی سونے کی انگوٹھیاں پھینک دیں۔

**سوال نمبر:۷۷ سونے کی انگوٹھی مردوں کے پہننے کیلیئے کیا حکم ہے؟**

**جواب:** مردوں کیلیئے سونے کی انگوٹھی پہننا حرام ہے۔

**سوال نمبر:۷۸ "الفاظ کے معانی لکھیں"**

**جواب:** (خاتمٌ: انگوٹھی) (بئرٌ: کنواں) (وَرِقٌ: چاندی) (نَزَعَ: اتار لینا۔)

**سوال نمبر:۷۹ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی تلوار کا دستہ کس چیز کا بنا ہوا تھا؟**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی تلوار کا دستہ چاندی کا بنا ہوا تھا۔

**سوال نمبر:۸۰ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم فتح مکہ کے دن مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو آپ کی تلوار پر کیا لگا ہوا تھا؟**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی تلوار پر سونا اور چاندی لگی ہوئی تھی۔

**سوال نمبر:۸۱ جنگ احد کے دن حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کتنی زرہیں زیب تن کی ہوئیں تھیں؟**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے دو زرہیں ایک کے اوپر ایک زیب تن کیں ہوئیں تھیں۔

سوال نمبر:۸۲ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب حضرت طلحہ کو نیچے بٹھا کر چٹان پر چڑھے تو کیا فرمایا؟

جواب: حضرت زبیر رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں کہ آپ نے فرمایا طلحہ نے اپنے اوپر جنت واجب کر لی ہے۔

سوال نمبر:۸۳ الفاظ کے معانی لکھیں۔

جواب: (درعٌ: جنگی لباس) (ذھَبُ: سونا) (الصخرۃ: چٹان)

(سیف: تلوار) (فِضَّۃٌ: چاندی)

سوال ۸۴

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یوم اُحد کے دن کتنے ذرع پہنے ہوئے تھے؟

جواب: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یوم احد کے دن دو زرع پہنے ہونے تھے

سوال۸۵: حضور نے دو زرع کیوں پہنے ہوئے تھے؟

جواب: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی حفاظت کیلئے اور امت کو درس دینے کیلئے کہ جنگ کرنے سے پہلے اپنی حفاظت کرنے کی احتیاطی تدابیر کو اپنائے اور بعد میں جنگ میں لڑنے کیلئے جائے۔

سوال۸۶: خود کسے کہتے ہیں؟

جواب: خود لوہے کی ٹوپی کو کہتے ہیں جو جنگ میں حفاظت کیلئے پہنی جاتی ہے

سوال۸۷: کیا حضور علیہ السلام خود پہنا کرتے تھے؟

جواب: جی ہاں حضور پاک نے فتح مکہ کے دن خود پہنا ہوا تھا.

سوال۸۸۔ المغفر اور عصابۃ دسما کے معانی تحریر کریں؟

**جواب:** المغفر کا معنی خود ہے اور عصابۃ دسما کا معنی سیاہ کال عمامہ ہے۔

**سوال۸۹: حرم کی حدود میں کیا قتل کرنا جائز ہے؟**

**جواب:** حرم کی حدود میں قتل کرنا جائز نہیں ہے

**سوال۹۰: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن خطل کو حرم میں قتل کرنے کا حکم کیوں دیا؟**

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن خطل کو حرم میں قتل کرنے کا حکم اسلیے دیا کہ ایک وجہ یہ تھی کہ یہ گستاخ رسول تھا اور دوسرا یہ کہ یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خاص ہے۔

**سوال۹۱: زرع کا لغوی معنی بیان کریں**

**جواب:** زرع کا لغوی معنی لوہے کا جنگی لباس ہے

**سوال۹۲: اُقْتُلُوا اور نزعہ میں صرفی نحوی تحقیق کریں**

**جواب:** ● اقتلُوا = صیغہ جمع مذکر حاضر، فعل امر حاضر معروف ثلاثی مجرد، صحیح از باب نصر ینصر

● نزعہ = صیغہ واحد مذکر غائب، فعل ماضی مثبت معروف ثلاثی مجرد، صحیح از باب ضرب یضرب

**سوال۹۳: ایک حدیث میں آیا کہ جب آپ مکہ میں داخل ہوئے تو آپ کے سر پر خود تھی اور جب کہ دوسری حدیث میں آیا کہ جب آپ مکہ میں داخل ہوئے تو آپ کے سر پر پگڑی تھی تطبیق دے دو حدیث میں؟**

**جواب:** جب آپ مکہ میں داخل ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک پر خود تھی اور جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ ارشاد فرمایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود کو اُتار کر پگڑی کو سر مبارک پر باندھ لیا.

**سوال۹۴: عمامہ کا شملہ کس جانب ہونا چاہیے؟**

**جواب:** جب امہ کا شملہ ایک ہو تو دو کندھوں کے درمیان ہونا چاہیے اور جب شملے دو ہوں تو ایک شملہ دونوں کندھوں کے درمیان اور ایک شملہ کو دائیں جانب رکھے گئے۔

**سوال۹۵: کیا خطبہ کے وقت عمامہ پہنا سنت ہے؟**

**جواب:** حضرت عمر بن حریث سے روایت ہے کہ خطبہ کے وقت عمامہ باندھنا سنت رسول ہے۔

**سوال نمبر۹۹: سیدنا ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مسجد میں تشریف فرما ہونے کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟**

**جواب:** سیدنا ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب مسجد میں تشریف فرما ہوتے تو گوٹ مار کر تشریف فرما ہوتے۔

**سوالنمبر:۱۰۰ سیدنا جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تکیہ لگا کر بیٹھنے کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟**

**جواب:** سیدنا جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بائیں جانب تکیہ لگا کر بیٹھتے ہوئے دیکھا۔

**سوالنمبر:۱۰۱ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کبیرہ گناہوں میں بڑے بڑے گناہ کون کون سے بیان فرمایئے؟**

**جواب:** سیدنا ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمھیں کبیرہ گناہوں میں سے بڑے بڑے گناہ نہ بتاؤں (صحابہ کرام) نے عرض کیا جی ہاں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک بنانا اور والدین کی نافرمانی کرنا ابو بکر فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پھر بیٹھ گئے جبکہ پہلے ٹیک لگائے ہوئے تھے

فرمانے لگے "اور جھوٹی گواہی دینا" اور جھوٹی بات راوی کہتا ہے اس آخری کلمے کو رسول اللہ صلی علیہ وآلہ وسلم بار بار دہراتے رہے حتی کہ ہم نے کہا کاش آپ خاموش ہو جائیں۔

**سوالنمبر:۱۰۲ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ٹیک لگا کر کر کھانے کے بارے میں کیا فرمایا؟**

**جواب:** سیدنا ابو جحیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں تو ٹیک لگا کر نہیں کھاتا۔

**سوال نمبر۱۰۳ درج ذیل الفاظ کے معنی تحریر کریں**

**عصابة** پگڑی، **اصابع** انگلیاں، **یلعق** چاٹ لیتے، **شاکیا**۔۔۔ بیمار

**سوالنمبر:۱۰۴ سیدنا جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول پاک کو کتنے تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے دیکھا؟**

**جواب:** سیدنا جابر بن سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے دیکھا

**سوال نمبر۱۰۵ درج ذیل الفاظ کے معنی قلم بند کریں۔**

**مستلقیا.** چت لیٹنا، **متکئا.** تکیہ، **یسارہ**۔ بائیں جانب، **شھادۃ الزور**۔ جھوٹی گواہی، سکت. خاموشی

**سوالنمبر:۱۰۶ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیماری کی حالت میں کون سی چادر اوڑھی ہوئی تھی اور کس کو نماز پڑھائی؟**

**جواب:** نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیمار تھے تو اسامہ بن زید پر ٹیک لگائے باہر تشریف فرما ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی چادر اپنے کندھوں پر اوڑھے ہوئے تھے اسی حالت میں اس آپ نے صحابہ کرام کو نماز پڑھائی۔

**سوالنمبر:۱۰۷ سیدنا فضل بن عباس نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ان کے کونسے مرض میں گئے اور نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے کیا فرمایا؟**

**جواب:** سیدنا فضل بن عباس فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آپ کی اس مرض میں گیا جس میں آپ وفات پا گئے آپ کے سر مبارک پر زرد رنگ کی پگڑی تھی میں نے سلام عرض کیا تو آپ نے فرمایا اے فضل میں نے عرض کیا اللہ کے رسول حاضر ہوں ارشاد فرمایا: اس پگڑی کو میرے سر پر اچھی طرح باندھ دو۔

**سوالنمبر:۱۰۸ سیدنا کعب بن مالک نے کھانا تناول فرمانے کے بعد انگلیاں چاٹنے کے بارے میں کیا فرمایا تحریر کریں؟**

**جواب:** سیدنا کعب بن مالک فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھانا تناول فرمانے کے بعد اپنی انگلیوں کو تین مرتبہ چاٹ لیا کرتے تھے۔

**سوالنمبر:۱۰۹ سیدنا انس بن مالک نے کھانا تناول فرمانے کے بعد انگلیاں چاٹنے کے بارے میں کیا فرمایا۔ قلم بند کریں؟**

**جواب:** سیدنا انس بن مالک نے کھانا تناول فرمانے کے بارے میں فرمایا: کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کھانا تناول کے بعد اپنی تینوں انگلیوں کو چاٹ لیا کرتے تھے۔

**سوالنمبر:۱۱۰ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کتنی انگلیوں سے کھانا تناول فرماتے اور اس کے بعد کیا کرتے سیدنا کعب بن مالک نے کیا فرمایا؟**

**جواب:** سیدنا کعب بن مالک سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی تین انگلیوں سے کھانا تناول فرماتے اور اس کے بعد ان کو چاٹ لیا کرتے۔

**سوالنمبر:۱۱۱ رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھوک کی وجہ سے کس طرح بیٹھے ہوئے تھے؟**

**جواب:** سیدنا انس بن مالک سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں کھجوریں پیش کی گئیں میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ انہیں کھا رہے تھے اور آپ بھوک کی وجہ سے پنڈلیاں کھڑے کیے ہوئے اپنے سرہنوں پر بیٹھے ہوئے تھے۔

**سوالنمبر:۱۱۲ ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ نے پیٹ بھر کے کھانے کے بارے کیا فرمایا مختصر قلم بند کریں؟**

**جواب:** ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ سے مروی ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات تک آپ کے اہل خانہ نے مسلسل دو دن بھی جو کی روٹی پیٹ بھر کر نہ کھائی۔

**سوالنمبر:۱۱۳ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کونسے سالن کو اچھا قرار دیا؟**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ سرکہ اچھا سالن ہے۔

**سوالنمبر:۱۱۴ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس چیز پر کھانا تناول نہیں فرمایا؟**

**جواب:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میز پر بیٹھ کر کھانا تناول نہیں فرمایا۔

**سوالنمبر:۱۱۵ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس پر بیٹھ کر کھانا تناول فرماتے تھے؟**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عام دستر خوان پر بیٹھ کر کھانا تناول فرماتے تھے۔

**سوالنمبر:۱۱۶ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہل خانہ نے کب اور کیوں روٹی سیر ہو کر نہیں کھائی؟**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات پر آپ کے اہل خانہ نے دو دن تک جو کی روٹی سیر ہو کر نہیں کھائی۔

**سوالنمبر:۱۱۷ کیا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مرغی کا گوشت کھایا؟**

**جواب:** جی ہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مرغی کا گوشت کھایا۔

**سوالنمبر:۱۱۸سیدنا سفینہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کونسا گوشت کھایا؟**

**جواب:** سرخاب کا گوشت کھایا

**سوالنمبر:۱۱۹زھدم الجری ابو موسیٰ اشعری کے پاس گئے تو ابو موسیٰ اشعری کھانے میں کیا لائے؟**

**جواب:** مرغی کا گوشت

**سوالنمبر:۱۲۰حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زیتون کھانے اور اس کا تیل استعمال کرنے کے بارے میں کیا فرمایا؟**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ زیتون کھاؤ اور اس کا تیل استعمال کرو کیونکہ یہ بابرکت درخت کا پھل ہے۔

**سوالنمبر:۱۲۱حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سبزیوں میں سے کونسی سبزی پسند تھی؟**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کدو شریف پسند تھے۔

**سوالنمبر:۱۲۲درزی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کھانے کی دعوت پیش کی تو اس نے آپ کو کھانے میں کیا پیش کیا؟**

**جواب:** جوء کی روٹی اور سالن پیش کیا جس میں شوربہ کدو اور خشک کئے ہوئے گوشت کے ٹکڑے تھے۔

**سوالنمبر:۱۲۳حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو میٹھے کھانے میں کیا پسند تھا؟**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو میٹھے میں شہد بہت پسند تھا۔

**سوالنمبر:۱۲۴ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں کونسا بھنا ہوا گوشت پیش کیا؟**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پہلو (دستی) کا بھنا ہوا گوشت پیش کیا۔

**سوالنمبر:۱۲۵وہ کونسے صحابی ہیں جنہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مسجد میں بھنا ہوا گوشت کھایا؟**

**جواب:** سیدنا عبد اللہ بن حارث رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے۔

**سوالنمبر:۱۲۶جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پہلو کا بھنا ہوا گوشت پیش کیا گیا آپ صلی علیہ وآلہ وسلم اسے چھری سے کاٹنے لگے اور حضرت بلال نے آپ کو نماز کی اطلاع دی تو آپ نے حضرت بلال کے بارے میں کیا فرمایا؟**

**جواب:** آپ نے چھری پھینک دی اور فرمایا کہ اسے کیا ہو گیا اس کے ہاتھ خاک آلود ہوں۔

**سوال۱۲۷۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کونسا گوشت بہت پسند تھا**

**جواب۔** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ذراع (بونگ) کا گوشت بہت پسند تھا

**سوال ۱۲۸۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کو ران کا گوشت کیوں پسند تھا؟**

**جواب۔** حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بونگ کا گوشت دوسرے گوشت سے زیادہ محبوب نہیں تھا لیکن نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ران کا گوشت اس لئے پسند تھا کہ یہ گوشت بہت جلد پک جاتا ہے

**سوال ۱۲۸۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت تمام عورتوں پر کس طرح بیان فرمائی؟**

**جواب۔** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی فضیلت تمام عورتوں پر ایسے ہے جس طرح ثرید تمام کھانوں پر ہے

**سوال ۱۲۹۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو زہر کس کھانے میں ملا کر دیا گیا؟**

**جواب۔** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کو زہر ذراع (بونگ) کے گوشت میں ملا کر دیا گیا

**سوال ۱۳۰۔ الفاظ کے معنی لکھیں۔**

**قُصُّوْ:** قینچی سے کاٹنا **یَابِسٌ:** خشک، **لحمُ الظّھر:** پشت کا گوشت، **غِبًّا:** کبھی، **خَلٌّ:** سرکہ

**سوال ۱۳۱۔ نبی کریم صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلّم نے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کا ولیمہ کس چیز سے کیا؟**

**جواب۔** نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کا ولیمہ کھجوروں اور ستّو سے کیا۔

**سوال ۱۳۲۔ نفلی روزہ عذر کی وجہ سے توڑا جا سکتا ہے اس پر حدیث کا مفہوم لکھیں؟**

**جواب۔** حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہسے مروی ہے وہ فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس تشریف لاتے اور فرماتے کیا تمہارے پاس صبح کے وقت کا کھانا ہے تو اگر کہتی نہیں تو نبی کریم صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے میں روزے سے ہوں، فرماتی ہیں ایک دن میرے پاس کچھ آیا تو میں نے کہا یارسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس ایک ہدیہ آیا ہے نبی کریم صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں صبح روزے سے تھا پھر آپ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے تناول فرمایا۔

**سوال ۱۳۳۔ نبی کریم صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم کون سا کھانا پسند فرماتے تھے؟**

**جواب۔** نبی کریم صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم باقی ماندہ کھانا پسند فرماتے تھے۔ شیخ عبد اللہ بن عبد الرحمن فرماتے ہیں باقی ماندہ سے مراد کھانے سے جو بچا ہو۔

**سوال ۱۳۴۔ آگ پر پکی ہوئی چیز کھانے سے وضو نہیں ٹوٹتا۔ حدیث کا مفہوم لکھیں۔**

**جواب۔** حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پنیر کے ٹکڑے کھانے سے وضو کیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک بکری کے شانے کا گوشت کھایا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وضو نہیں کیا۔

**سوال ۱۳۵۔ الفاظ کے معنی لکھیں۔**

وہ تھال جس پر کھانا رکھ کے کھایا جاتا ہے: **قِنَابٌ**، **طَعَن**: پیس کر باریک کرنا، **تَوَابِلٌ**: مصالحے، **سَوِیْقٌ**: ستو، **ثُوْرٌ**: پنیر کا بڑا ٹکڑا

**سوال ۱۳۶۔ کن دو چیزوں کو ملا کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ سالن ہے؟**

**جواب۔** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جَو کی روٹی کا ایک ٹکڑا لیا اور اس روٹی کے ٹکڑے پر کھجور رکھی اور فرمایا یہ سالن ہے

**سوال ۱۳۷۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بہترین سالن کس کو کہا؟**

**جواب۔** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بہترین سالن سرکہ ہے

**سوال ۱۳۸۔ کس گھر میں سالن کی محتاجی نہیں ہوتی؟**

**جواب۔** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس گھر میں سرکہ ہو اس گھر میں سالن کی محتاجگی نہیں ہوتی۔

**سوال ۱۳۹۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کو بونگ (ران) میں زہر کس نے ملا کر دیا تھا؟**

**جواب۔** حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سمجھتے تھے کہ یہود نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو گوشت کی بونگ میں زہر دیا

**سوال ۱۴۰۔ الفاظ کے معنی لکھیں۔**

**غَائِطٌ**: قضائے حاجت کی جگہ، **غَدَاءٌ**: صبح یا دوپہر کا کھانا، **سِلْقًا**: چقندر، **حَیْسٌ**: حلوہ جسے کھجوروں اور مکھن یا پنیر یا آٹے سے تیار کیا جاتا ہے، **ثُفُلٌ**: باقی بچا ہوا

**سوال ۱۴۱۔ کھانے کے وضو سے کیا مراد ہے؟**

**جواب۔** کھانے کے وضو سے اصطلاحی وضو مراد نہیں بلکہ ہاتھ دھونا اور کلی کرنا ہے۔

سوال ۱۴۲۔ کھانے میں برکت کا باعث بیان کریں۔

جواب۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ کھانے سے پہلے اور بعد میں وضو کرنا برکت کا باعث ہے۔

**سوال ۱۴۳۔ کس شخص کے ساتھ شیطان کھانے میں شریک ہوتا ہے؟**

جواب۔ جو شخص کھانا شروع کرنے سے پہلے بسم اللّٰہ نہ پڑھے تو شیطان اسکے ساتھ کھانے میں شریک ہوتا ہے۔

**سوال ۱۴۵۔ اگر کوئی شخص کھانا کھانے سے پہلے بسم اللہ پڑھنا بھول جائے تو کیا کرے؟**

جواب۔ رسول کریم صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی ایک (کھانا) کھانے لگے اور اللّٰہ پاک کا نام لینا بھول جائے تو وہ "بسم اللّٰہ اولَہٗ و آخِرَہٗ" پڑھ لے یعنی اس کھانے کے شروع اور آخر میں اللّٰہ کا نام لیتا ہوں۔

**سوال ۱۴۶۔ الفاظ کے معنی لکھیں۔**

**مَائِدَۃٌ**: دستر خوان، **قَدَحٌ**: پیالہ، **اَلبَطِّیْخُ**: تربوز، **نَسِیَ**: بھول جائے، **فَرُغٌ**: فارغ ہونا

**سوال ۱۴۷۔ حدیث کی روشنی میں کھانے کے آداب بیان کریں۔**

جواب۔ سیدنا عمر بن ابی سلمہ رضی اللّٰہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں کہ وہ رسول کریم صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلّم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اس وقت حضور صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس کھانے رکھا ہوا تھا۔ آپ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا اے میرے بچے! قریب آجاؤ، بسم اللہ پڑھ اور اپنے دائیں ہاتھ سے اپنے سامنے سے کھاؤ۔

**سوال ۱۴۸۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیالے کی ساخت بیان کریں**

جواب۔ حضرت ثابت فرماتے ہیں سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ ہمیں دکھانے کے لئے ایک لکڑی کا مضبوط، موٹا، اور لوہے کا پترا چڑھا ہوا پیالہ لے کر آئے اور فرمانے لگے اے ثابت! یہ پیالہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہے۔

**سوال ۱۴۹۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پیالے میں کیا کیا نوش فرمایا؟**

جواب۔ سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم کو اس پیالے میں (ہر قسم کا مشروب)، پانی، نبیذ، شہد اور دودھ پلایا۔

**سوال ۱۵۰۔ نبی کریم صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم نے کھجور کے ساتھ کون کون سے پھل تناول فرمائے؟**

جواب۔ احادیث کے مطابق نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کھجور کے ساتھ ککڑی، تربوز، خربوزہ تناول فرمایا۔

**سوال ۱۵۱۔ الفاظ کے معنی لکھیں۔**

**سَقَیْتُ**: میں نے پلایا، **قِثَّاءٌ**: ککڑی، **عَسَلٌ**: شہد، **خَشَبٌ**: لکڑی

**سوال ۱۵۲۔ جب صحابہ کرام علیہم الرضوان کسی نئے پھل کو دیکھتے تو کیا کرتے؟**

**جواب۔** جب صحابہ کرام علیہم الرضوان کسی نئے پھل کو دیکھتے تو اسے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ اقدس میں پیش کرتے۔

**سوال ۱۵۳۔ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی نئے پھل کو پکڑتے تو کیا کرتے؟**

**جواب۔** جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کسی نئے پھل کو پکڑتے تو دعا فرماتے پھر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب سے کم عمر بچے کو جو موجود ہوتے، طلب فرماتے اور انہیں اس پھل سے عطا کرتے۔

**سوال ۱۵۴۔ جب حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے حضرت ربیع رضی اللہ عنہا کے ذریعے کھجور کا ایک تھال بھیجا تو اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس زیورات کہاں سے آئے تھے؟**

**جواب۔** حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ اقدس میں وہ زیورات بحرین سے آئے تھے۔

**سوال ۱۵۵۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بحرین سے آئے ہوئے زیورات میں سے حضرت ربیع رضی اللہ عنہا کو کتنا زیور عطا فرمایا؟**

**جواب۔** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بحرین سے آئے ہوئے زیورات میں سے حضرت ربیع رضی اللہ عنہا کو مٹھی بھر کر عطا فرمایا۔

**سوال ۱۵۶۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم نے حضرت ربیع رضی اللہ عنہا کو کس چیز کے بدلے سونا عطا فرمایا؟**

**جواب۔** حضرت ربیع رضی اللہ عنہا سے مروی ہے وہ فرماتی ہیں کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں تر کھجوروں اور چھوٹی ککڑیوں کا تھال جن پر ابھی روئی باقی تھی، لے کر حاضر ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے ہتھیلی بھر کر زیور عطا کیا۔

**سوال ۱۵۷۔ الفاظ کے معنی لکھیں۔**

**الخِرْبِز:** خربوزہ، **حِلْیَۃ:** زیور، **کَفِّہٖ:** ایک مٹھی، **البطیخ:** تربوز، **حُلْوٌ:** میٹھا

**سوال ۱۵۸۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کونسا مشروب پسند تھا؟**

**جواب۔** آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ٹھنڈا اور میٹھا مشروب پسند تھا۔

**سوال ۱۵۹۔ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جھوٹے کو ایثار کرنے کے بارے میں کیا فرمایا؟**

**جواب۔** حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جھوٹا مبارک کسی کو ایثار نہیں کرتا۔

**سوال ۱۶۰۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زم زم کس حالت میں پیتے تھے؟**

**جواب۔** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم زم زم شریف کھڑے ہونے کی حالت میں پیتے تھے۔

**سوال ۱۶۱۔ دو سانسوں میں پینے کے بارے میں کوئی حدیث لکھیں۔**

**جواب۔** سیدنا ابنِ عباس رضی اللہ عنھما سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بھی کچھ پیتے تو دفعہ سانس لیتے۔

**سوال ۱۶۲۔ وہ کونسی شہ ہے جو کھانے اور پینے کی جگہ پوری کر سکتی ہے؟**

**جواب۔** وہ شہ دودھ ہے۔

**سوال ۱۶۳۔ حدیث کی روشنی میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پانی پینے کا انداز بیان کریں؟**

**جواب۔** حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہو کر پانی نوش فرماتے۔

**سوال ۱۶۴۔ جب حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی بارگاہ میں پانی کا پیالہ پیش کیا گیا تو آپ نے کیا کیا؟**

**جواب۔** آپ رضی اللہ عنہ نے اس سے وضو کیا اور اسے پی لیا۔

**سوال ۱۶۵۔ ۳ سانس میں پانی پینے کے فوائد بیان کریں۔**

**جواب۔** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب پانی پیتے تو ۳ مرتبہ سانس لیا کرتے اور فرماتے یہ طریقہ زیادہ خوشگوار اور خوب سیراب کرنے والا ہے۔

**سوال ۱۶۶۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کتنے سانس میں پانی پیتے تھے؟**

**جواب۔** حضرت انس رضی اللہ عنہ ۳ سانس میں پانی پیتے تھے انہوں نے گمان کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی ایسے پیتے ہیں۔

**سوال ۱۶۷۔ ام سلیم کا انداز محبت بیان کریں؟**

**جواب۔** سیدنا انس بن مالک سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ام سلیم کے پاس تشریف لائے وہاں ایک مشکیزہ لٹکا ہوا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مشکیزے کے منہ سے کھڑے ہو کر پانی پیا تو سیدہ ام سلیم نے اٹھ کر مشکیزے کا سر کاٹ کر اپنے پاس رکھ لیا

**سوال ۱۶۸۔ کس موقع پر حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بوسہ دیا؟**

**جواب۔** آپ رضی اللہ عنہ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد بوسہ دیا۔

**سوال ۱۶۹۔ کب مدینہ میں ہر شہ روشن اور کب ہر شہ تاریک تھی؟**

**جواب۔** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہجرت کر کے مدینہ منورہ تشریف لائے تو ہر شہ روشن تھی اور جس دن آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال ہوا تو اس دن ہر شہ تاریک تھی

**سوال ۱۷۰۔ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی روایت کے مطابق آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کس دن ہوئی؟**

**جواب۔** پیر شریف کے دن

**سوال ۱۷۱۔ جعفر ابن محمد کی روایت کے مطابق نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کس وقت ہوئی؟**

**جواب۔** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات رات کے وقت ہوئی۔

**سوال ۱۷۲۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس صحابی کو اذان دینے اور کس صحابی کو نماز پڑھانے کا کہا؟**

**جواب۔** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ کو اذان دینے کا اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو نماز پڑھانے کا حکم دیا۔

**سوال ۱۷۳۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے کیا کہا؟**

**جواب۔** فرمایا جو شخص یہ کہے گا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وفات پا گئے ہیں تو میں اس کا سر تلوار سے قلم کر دوں گا۔

**سوال ۱۷۴۔ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مرض الموت کے وقت کس بیماری میں مبتلا تھے؟**

**جواب۔** رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مرض الموت کے وقت بخار تھا۔

**سوال ۱۷۵۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس صحابی کو نماز پڑھانے کا حکم دیا اور وہ کتنی نمازیں تھی؟**

**جواب۔** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو نماز پڑھانے کا حکم دیا اور وہ ۱۷ نمازیں تھی۔

**سوال ۱۷۶۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مرض الموت میں سیدتنا فاطمہ رضی اللہ عنہا کو کیا فرمایا؟**

**جواب۔** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا آج کے بعد تیرے والد کو کوئی تکلیف نہ ہو گی یقیناً تیرے والد پر وہ وقت آگیا ہے جو کسی ایک کو بھی نہیں چھوڑتا اب قیامت کے دن ہی ملاقات ہو گی۔

**سوال ۱۷۷۔ حدیث کی روشنی میں جس کے دو نابالغ بچے وفات پا جائیں اس کی کیا فضیلت ہے؟**

**جواب۔** یہ کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس کے دو نابالغ بچے فوت ہو جائیں اللہ پاک اس کو ان دونوں کے بدلے میں جنت میں داخل کرے گا۔

**سوال ۱۷۸۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے حضرت جریر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالی عنہما کے حسن کے بارے میں کیا فرمایا؟**

**جواب۔** حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالی عنہ نے اپنی قوم کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ میں نے حضرت جریر سے زیادہ حسین کسی شخص کو نہیں دیکھا سوائے حضرت یوسف علیہ السلام کے۔

**سوال۱۷۹۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انداز گفتگو حدیث کی روشنی میں بیان کریں؟**

**جواب۔** نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم اس طرح مسلسل اور جلدی جلدی کلام نہیں کرتے تھے کہ سننے والے پر آپ کی گفتگو غلط ملط ہو جائے بلکہ آپ کی گفتگو نہایت واضح اور بہترین انداز میں ہوتی اور جدا جدا کلمات ہوتے جس کا مطلب اور مفہوم اتنا واضح ہوتا تھا کہ جو آپ کے پاس بیٹھا ہوتا وہ اس کلام کو یاد کر لیتا۔

**سوال۱۸۰۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک بات کو کتنی بار دہراتے تھے؟**

**جواب۔** کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک بات تین بار دہراتے تھے تاکہ سننے والے اس کو اچھی طرح سمجھ لیں

**سوال۱۸۱۔ حضور اکرم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کے کلام کی ابتداء اور انتہاء کیسے ہوتی تھی؟**

**جواب۔** نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم کے کلام کی ابتداء اور انتہاء اسطرح ہوتی تھی کہ آپ کا کلام منہ بھر کے یعنی واضح ہوتا تھا اور نہ ضرورت سے زیادہ نہ کم ہوتا تھا۔

**سوال۱۸۲۔ الفاظ کے معنی بیان کریں۔**

**یَسْرُدُ:** جلدی جلدی کرنا، **یَحْفَظُہٗ:** واضح کرنا، **بِاَشْدَاقِہٖ:** منہ بھر کے، **الاحزان:** غمگین

**سوال۱۸۳۔ حدیث کی رو سے مومن کس چیز سے منہ پھیرنے والا ہے؟**

**جواب۔** حدیث کی رو سے مومن لغویات یعنی فضول گوئی سے منہ پھیرنے والا ہے

**سوال۱۸۴۔ وکان لایضحک الا تبسما" کا ترجمہ کریں؟**

**جواب۔** حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہنستے نہیں تھے مگر تبسم فرماتے

**سوال۱۸۵۔ کیا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے زیادہ ہنستے مسکراتے تھے؟**

**جواب۔** حضرت عبداللہ بن حارث فرماتے ہیں کہ میں نے نہیں دیکھا نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مگر زیادہ مسکرانے والا۔

**سوال۱۸۶۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ہنسی کس طرح ہوتی تھی؟**

**جواب۔** نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کی ہنسی مسکرانے والی ہوتی تھی

**سوال۱۸۷۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جنت میں داخل اور جہنم سے نکالے جانے والے کے بارے میں جانتے ہیں؟**

جواب۔ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے اس شخص کو بخوبی جانتے ہیں جو سب سے پہلے جنت میں داخل ہو گا اور جو سب سے آخر میں جہنم سے نکالا جائے گا۔

**سوال۱۸۸۔ حدیث کی روشنی میں قیامت کے دن میرا خیال ہے کہ ایک بندہ اپنے بڑے گناہوں کو نہیں دیکھے گا تو کیا کہے گا؟**

جواب۔ حدیث پاک میں ہے کہ جب قیامت کے دن کہا جائے گا اس کے بڑے گناہوں کی جگہ نیکیاں لکھ دو تو بندہ کہے گا مجھے میرے وہ گناہ نظر نہیں آرہے جو میں نے کیے تھے

**سوال۱۸۹۔ حضرت علی کرم اللہ وجہ الکریم سواری پر بیٹھ کر کیوں مسکرائے؟**

جواب۔ حضرت علی کرم اللہ وجہ الکریم سواری پر بیٹھ کر اس لیے مسکرائے کیوں کہ انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایسا کرتے دیکھا۔

**سوال۱۹۰۔ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یوم خندق کے دن کیوں مسکرائے؟**

جواب۔ یوم خندق کے دن ایک آدمی کے پاس ڈھال تھیں تھی اور وہ ڈھال کو ادھر ادھر کر کے اپنا چہرہ چھپاتا تھا حضرت سعد نے تیر نکالا اور جو نہیں اس نے سر اٹھایا تو آپ نے وہ تیر اسے دے مارا تیر اس کی پیشانی پر لگا وہ الٹ گیا اور اس کی ٹانگ اٹھ گئی اس پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسکرائے آئے

**سوالنمبر ۱۹۱ : نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مہینے کے کتنے دنوں میں روزہ رکھا کرتے تھے؟**

جواب : نبی کریم مہینے کے پہلے تین دنوں میں روزہ رکھا کرتے تھے اور جمعہ کے دن بہت کم افطار کرتے یعنی روزہ رکھا کرتے.

**سوال نمبر۱۹۲ حجام کو حضور پاک صل اللہ علیہ وسلم نے کتنا خراج عطا فرمایا؟**

جواب: حجام نے حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے تین صاح اجرت طلب کی آپ نے اس میں کمی کرواکے اپکو دو صاع عطا کیے۔

**سوال نمبر۱۹۳: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کن تاریخوں میں حجامہ کرواتے؟**

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وسلم سترہ، انیس اور اکیس ان تاریخوں میں حجامہ کرواتے۔

**سوال نمبر۱۹۴: حضور پاک نے اپنے پاؤں مبارک کی پشت پر حجامہ کہاں اور کس حالت میں کروایا؟**

جواب: حضور پاک این مقام ملل میں احرام کی حالت میں اپنے پاؤں مبارک کی پشت پر حجامہ کروایا۔

**سوال نمبر۱۹۵: حضور پاک نے اپنے پاؤں مبارک کی پشت پر حجامہ کہاں اور کس حالت میں کروایا؟**

**جواب:** حضور پاک این مقام ملل میں احرام کی حالت میں اپنے پاؤں مبارک کی پشت پر حجامہ کروایا۔

**سوال نمبر:۱۹۶. احادیث کے مطابق آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پانچ اسماء مبارک تحریر کریں**

**جواب:** احادیث کے مطابق حضور پاک کے نام درج ذیل ہیں

محمد (۱) احمد (۲) ماحی (۳) حاشر (۴) عاقب (۵) نبی الرحمۃ

**سوال نمبر:۱۹۷: سیدنا نعمان بن بشیر کے مطابق آپ صلی اللہ علیہ وسلم کتنا کھانا تناول فرماتے؟**

**جواب:** سیدنا نعمان بن بشیر کے مطابق آپ فرماتے ہیں کہ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ آپ کو پیٹ بھر کر ردی کھجوریں بھی میسر نہ تھیں۔

**سوال نمبر۱۹۸: حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کی حدیث کے مطابق نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی سونے کی حالت کیا تھی؟**

**جواب:** حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم اپنے بستر پر تشریف لے جاتے تو اپنی دائیں ہتھیلی کو دائیں رخسار کے نیچے رکھتے اور دعا فرماتے کہ اے رب مجھے اس دن کے عذاب سے بچا جس دن تو اپنے بندوں کو اٹھائے گا۔

**سوال نمبر۱۹۹: حدیث حذیفہ کے مطابق آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سوتے وقت کونسی دعا کیا کرتے؟**

**جواب:** حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم جب بستر پر تشریف لے جاتے تو آپ یہ دعا پڑھتے اے اللہ میں تیرے نام سے جیتا ہوں اور تیرے نام سے مرتا ہوں

**سوال ۲۰۰: حدیث حذیفہ کے مطابق نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم بیداری کے وقت کونسی دعا مانگتے تھے۔**

**جواب:** نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم جب نیند سے بیدار ہوتے تو یہ دعا کرتے کہ تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں مرنے کے بعد زندہ کیا اور اسی کی طرف لوٹنا ہے۔

**سوال نمبر۲۰۱: حضور صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کے خراٹوں کے بارے میں کوئی حدیث نقل کریں۔**

**جواب:** حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم آرام فرما ہوتے اور معمولی خراٹے لیتے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت مبارک تھی کہ سوتے وقت معمولی خراٹے لیتے تھے۔

**سوال نمبر ۲۰۲: درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیں۔**

**جواب: نفخ:** خراٹے، **فراش:** بستر، **استیقظ:** بیدار ہوئے، **مضجعہ:** بستر، **خدہ:** رخسار

**سوال نمبر ۲۰۳: آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے تہجد پڑھنے پر کوئی حدیث لکھیں؟**

**جواب:** حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم تہجد کی نماز پڑھتے رہے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پاؤں میں ورم آگئی۔

**سوال نمبر ۲۰۴: آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے تہجد کے بارے کیا سوال ہوا اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کیا جواب دیا؟**

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے عرض کی گئی کہ آپ اتنی تکلیف کیوں اٹھاتے ہیں حالانکہ آپ کے سبب پچھلوں اور پہلوں کے گناہ بخش دیے جائیں گے تو آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا" کیا پھر میں اپنے رب کا شکر ادا نہ کروں"۔

**سوال نمبر ۲۰۵: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کے مطابق نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نماز تہجد میں کتنا قیام فرماتے؟**

**جواب:** حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نماز تہجد میں اتنا قیام فرماتے کہ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پاؤں مبارک میں ورم آجاتا۔

**سوال نمبر ۲۰۶: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی رات کی نماز کے بارے میں کیا فرماتی ہیں؟**

**جواب:** ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالی عنہا فرماتی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم رات کے ابتدائی حصے میں آرام فرماتے پھر نماز کے لئے کھڑے ہوتے اور سحری کے وقت وتر پڑھ کر بستر پر تشریف لے آتے۔

**سوال نمبر ۲۰۷: درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیں**

**جواب: انتفخت:** ورم آجانا، **ترم:** سوج جاتے، **اوتر:** وتر پڑھتے، **وثب:** فورا کھڑے ہو جاتے، **توضاء:** وضو فرماتے

**سوال نمبر ۲۰۸: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث کے مطابق آپ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو کتنی رکعتیں پڑھتے؟**

**جواب:** حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہ فرماتے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رات کو تیرہ رکعتیں پڑھا کرتے تھے

**سوال نمبر ۲۰۹: اونگھ کے غلبہ کی وجہ سے اگر رات کو نماز نہ پڑھ سکتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیا کرتے تھے؟**

**جواب:** حضرت عائشہ رضی اللہ عنھا فرماتی ہیں اگر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رات کو تہجد نہ پڑھ پاتے تو دن کے وقت بارہ رکعت پڑھتے تھے۔

**سوال نمبر ۲۱۰: رات کی نماز کے بارے میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کوئی حدیث لکھیں۔**

**جواب:** حضرت ابوہریرہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی رات کو بیدار ہو تو وہ ہلکی رکعتوں کے ساتھ اپنی نماز شروع کرے۔

**سوال نمبر ۲۱۱: حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رات کی نماز کے بارے میں کیا فرماتے ہیں؟**

**جواب:** حضرت زید فرماتے ہیں کہ میں نے دل میں خیال کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نماز ضرور دیکھوں گا میں آپ کے دروازے پر ٹیک لگا کر کھڑا ہو گیا آپ نے دو مختصر رکعتیں پڑھیں پھر دو رکعتیں نہایت طویل پڑھیں پھر چار مرتبہ دو رکعت پڑھیں ہر پچھلی دو رکعت پہلی کی نسبت مختصر ہوتی تھی پھر آپ نے وتر پڑھے اس طرح تیرہ رکعتیں ہوئیں۔

**سوال نمبر ۲۱۲ درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیں۔**

**جواب۔ رکعتین خفیفتین:** دو مختصر رکعتیں، **فلیفتتح:** پس شروع کرو، **اضطجع:** آپ نے آرام فرمایا، **الوسادۃ:** تکیہ، **یمسح:** چھونا

**سوال نمبر ۲۱۳ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رمضان المبارک میں تہجد کی کتنی رکعتیں پڑھا کرتے تھے؟**

**جواب** حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رمضان المبارک میں اور غیر رمضان میں تیرہ رکعت سے زیادہ نہیں پڑھتے تھے۔

**سوال نمبر ۲۱۴: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس کروٹ پر آرام فرماتے تھے؟**

**جواب:** نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دائیں کروٹ پر آرام فرماتے تھے۔

**سوال نمبر ۲۱۵: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز کے شروع میں کون سی دعا پڑھا کرتے تھے؟**

**جواب:** اللہ اکبر ذوالملکوت والجبروت والکبریاء والعظمہ

**سوال نمبر ۲۱۶: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تہجد کی رکعت میں کتنی آیتوں کا تکرار فرماتے؟**

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک رات میں تہجد میں ایک ہی آیت کا تکرار فرماتے۔

**سوال نمبر ۲۱۷: درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیں۔**

**جواب: اضطجع:** وہ لیٹا، **شق:** پہلو، **یصلی:** اس نے نماز پڑھی، **رفع:** اس نے اٹھایا، **الجبروت:** غلبہ والا

**سوال نمبر ۲۱۸: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رات کے نوافل کس طرح پڑھا کرتے تھے؟**

**جواب۔** نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم رات کے طویل حصے میں کھڑے ہو کر اور طویل حصے میں بیٹھ کر پڑھتے تھے۔

**سوال نمبر ۲۱۹: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نوافل کے متعلق عادت شریفہ کیا تھی؟**

**جواب:** نبی احمد صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریفہ تھی جب کھڑے ہو کر قرآن کریم پڑھتے تو رکوع و سجود بھی کھڑے ہو کر ادا فرماتے تھے اور جب قرآن کریم بیٹھ کر تلاوت فرماتے تو رکوع و سجود بھی بیٹھنے کی حالت میں ادا فرماتے۔

**سوال نمبر ۲۲۰: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم وصال کے قریب کس طرح نوافل پڑھتے تھے؟**

**جواب:** نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وصال کے قریب اکثر نوافل بیٹھ کر ادا فرماتے تھے۔

**سوال نمبر ۲۲۱: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کون سی رکعتیں گھر میں پڑھا کرتے تھے؟**

**جواب:** نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم دو رکعتیں ظہر سے قبل، دو عصر کے بعد، دو مغرب کے بعد اور دو عشاء کے بعد اپنے گھر میں ادا فرمایا کرتے تھے۔

**سوال نمبر ۲۲۲: درج ذیل الفاظ کے معنی تحریر فرمائیں**

**جواب: قام:** وہ کھڑا ہوا، **ھممت:** تو نے ارادہ کیا، **ادع:** میں چھوڑتا ہوں، **تطوع:** نفل ادا کرنا، **یرتل:** وہ خوب ٹھر ٹھر کر پڑھتا ہے

**سوال نمبر ۲۲۳: نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تحفہ اور ہدیہ کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟**

**جواب:** حضرت انس رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر مجھے بکری کا ایک پایا بھی تحفہ اور ہدیہ میں دیا جائے گا تو میں اسے قبول کروں گا اور اگر مجھے اس کی طرف دعوت دی جائے تو میں ضرور حاضر ہوں گا۔

**سوال نمبر ۲۲۴: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عاجزی اور انکساری کی ایک مثال تحریر فرمائیں؟**

**جواب:** سیدنا جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے تو آپ نہ خچر پر سوار تھے اور نہ ترکی گھوڑے پر (بلکہ آپ پیدل تشریف لائے)

**سوال نمبر ۲۲۵: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جس چادر میں حج کیا اس کی قیمت کتنی تھی؟**

**جواب:** حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جس چادر میں حج کیا اس کی قیمت ہمارے خیال میں چار درہم ہو گی۔

**سوال نمبر ۲۲۶: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حج کی سواری پر بیٹھ کر کیا ارشاد فرمایا؟**

**جواب:** نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہا اے اللہ میں ایسے حج کے ارادے سے حاضر ہو جس میں نہ مشہوری کرنا مقصود ہے اور نہ دکھاوا کرنا۔

**سوال نمبر ۲۲۷: درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیں۔**

**جواب: کراع:** بکری کا پایا، **دعیت:** مجھے دعوت دی جائے، **بغل:** خچر، **برزون:** ترکی گھوڑا، **رحل:** پالان

**سوال نمبر ۲۲۸: ایک شخص نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ثرید پر کونسی سبزی پیش کی اور نبی پاک صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا کیا ردعمل تھا؟**

**جواب:** حضرت انس رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ثرید پیش کی جس پر کدو شریف موجود تھے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کدو کو لے رہے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کدو کو پسند فرمارہے تھے

**سوال نمبر ۲۲۹: مذکورہ حدیث سننے کے بعد حضرت انس رضی اللہ تعالی عنہ کدو کے بارے میں کیا فرماتے تھے؟**

**جواب:** ثابت بنانی فرماتے ہیں میں نے سیدنا انس رضی اللہ عنہ سے سنا وہ فرماتے تھے ہر وہ کھانا جس کا تیار کرنا میرے اختیار میں ہوتا تو میں اس میں کدو ضرور ڈالتا

**سوال نمبر ۲۳۰: جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنھا سے سوال کیا گیا کہ اللہ کے رسول گھر میں کیا کرتے تھے؟ تو آپ نے کیا جواب دیا؟**

**جواب:** حضرت عائشہ رضی اللہ عنھا نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انسانوں میں سے ایک انسان تھے، اپنے کپڑوں سے جوئیں تلاش کرتے، اپنی بکری کا دودھ دوہتے اور اپنے ذاتی کام بھی خود ہی انجام دیتے تھے۔

**سوال نمبر ۲۳۱: جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر وحی نازل ہوتی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کس کو بلاتے؟**

**جواب:** حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ اللہ کے رسول کے ہمسائے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جب بھی وحی نازل ہوتی تو آپ زید بن ثابت کو بلا لیتے تو حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ اس وحی کو لکھ لیتے

**سوال نمبر ۲۳۲: درج ذیل الفاظ کے معنی لکھیں۔**

**جواب: دباء:** کدو، **خیاط:** درزی، **یفلی:** جوئیں تلاش کرتے، **یحلب:** دودھ دوہتے، **نفر:** گروہ

**سوال نمبر ۲۳۳: سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ کتنا عرصہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں رہے؟**

حضرت سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ دس سال نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت بابرکت میں رہے۔

**سوال نمبر ۲۳۴: حضرت انس رضی اللہ تعالی عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ہتھیلی اور پسینہ کے بارے میں کیا فرماتے تھے؟**

**جواب:** حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کبھی کوئی ریشم اور ریشمی کپڑا اور کوئی نرم چیز ایسی نہیں چھوئی جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہتھیلی مبارک سے زیادہ نرم ہو اور میں نے کبھی بھی کسی قسم کا کستوری اور عطر ایسا نہ سونگھا جو اللہ کے رسول کے پسینہ مبارک سے زیادہ خوشبودار ہو

**سوال نمبر ۲۳۵: آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا برے کام سے منع فرمانے کا انداز کیا تھا؟**

**جواب:** نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کبھی بھی کسی کو منہ در منہ منع نہ فرماتے حضرت انس سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایسا شخص آ بیٹھا جس کے کپڑوں پر زرد نشان تھا جب وہ چلا گیا تو اللہ کے رسول نے لوگوں سے فرمایا کاش تم لوگ اسے کہتے تھے کہ زردی لگانا ترک کر دے

**سوال نمبر ۲۳۶: رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے حسن اخلاق کے بارے میں حضرت عائشہ نے کیا فرمایا؟**

**جواب:** ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے کبھی کسی کو نہیں مارا سوائے اللہ کے راستے میں جہاد کرتے ہوئے اور نہ کبھی خادم کو مارا اور نہ بیوی کو مارا

**سوال نمبر ۲۳۷: درج ذیل الفاظ کے معنی بیان کریں۔**

**جواب: سوق:** بازار، **صخابا:** شور کرنے والے، **صفرہ:** زردی، **الین:** نرم، **عرق:** پسینہ

**سوالنمبر ۲۳۸ : نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روزہ رکھنے کے لیے کن دو دنوں میں تحری فرماتے؟**

**جواب :** نبی کریم روزہ رکھنے کے بارے میں سوموار اور جمعرات کے بارے میں تحری فرماتے تھے

**سوالنمبر ۲۳۹ : کتنے اور کونسے دنوں میں اعمال پیش کیے جاتے ھیں؟**

**جواب :** دو دنوں میں اعمال پیش کیے جاتے ہیں اور وہ پیر اور جمعرات کے دن ہیں۔

**سوالنمبر ۲۴۰ : حضور علیہ السلام کس حال میں اعمال پیش ہونا پسند فرماتے ہیں؟**

**جواب :** حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم روزے کی حالت میں "اعمال پیش ہونا پسند فرماتے تھے۔

**سوالنمبر ۲۴۱ : نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کس مہینے میں کثرت سے روزہ رکھا کرتے تھے؟**

**جواب :** نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سب سے زیادہ شعبان میں روزہ رکھا کرتے تھے

**سوالنمبر ۲۴۲ : الفاظ کے معانی لکھیں؟**

**سبت :** ہفتہ کا دن، **خمیس :** جمعرات کا دن، **ثلاثاء :** منگل، **صائم :** روزہ رکھنے والا، **یعرض :** پیش کیا جاتا ہے۔

**سوالنمبر ۲۴۳ : نبی کریم صل اللہ علیہ وسلم بلند آواز سے تلاوت فرماتے یا آہستہ آواز سے؟**

**جواب :** آپ صلی اللہ علیہ وسلم دونوں طرح پڑھتے تھے کبھی آپ آہستہ آواز سے تلاوت فرماتے اور کبھی بلند آواز سے تلاوت فرماتے۔

**سوالنمبر ۲۴۴ : حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قرآت سننے کے متعلق کیا فرمایا؟**

**جواب :** حضرت ام ہانی رضی اللہ عنھا فرماتی ہیں کہ میں رات کے وقت اپنے گھر کی چھت پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قرات سنا کرتی تھی.

**سوالنمبر ۲۴۵ : الفاظ کے معانی لکھیں۔**

**اِن قل** : اگرچہ تھوڑاہو، **مرا** : کھینچ کر، **فاستاک** : پس مسواک کی، **یقطع** : جداجدا، **فلایمر** : نہ گزری، **عریش** : چھت

**سوالنمبر ۲۴۶ : نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز مبارکہ کیسی تھی؟**

**جواب** : نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم خوبرو (خوبصورت) اور خوش آواز تھے اور آپ گانوں کی تزمیں تلاوت نہ کرتے۔

**سوالنمبر ۲۴۷ : نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز میں گریہ وزاری کرتے تو کس طرح کی آواز آتی تھی؟**

**جواب** : نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سینے مبارک سے ہنڈیا کے جوش کی طرح رونے کی آواز آتی تھی۔

**سوالنمبر ۲۴۸ : نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ بن مسعود کو قرآن پاک پڑھنے کا حکم فرمایا جب عبداللہ بن مسعود نے قرآن پاک پڑھا تو آپ کی کیا کیفیت تھی؟**

**جواب** : حضرت عبداللہ بن مسعور فرماتے ہیں کی میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سورہ نساء پڑھی اور جب میں "وجئنابک علی ھؤلاء شھیدا" پر پہنچا تو میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک آنکھوں سے آنسو بہتے ہوئے دیکھے۔

**سوالنمبر ۲۴۹ : نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ کے دور اقدس میں سورج گرہن لگا تو آپ نے کونسا عمل کیا؟**

**جواب** : نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دور اقدس میں ایک دن سورج کو گرہن لگ گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھنی شروع کی لمبا قیام کیا اسی طرح طویل رکوع وسجود ادا فرمائے حالت سجدہ میں رونے لگے اور فرمایا اے اللہ ہم تجھ سے بخشش کے طلبگار ہیں پس جب آپ نے نماز ادا فرمائی تو سورج روشن ہو گیا پھر آپ نے رب تعالیٰ کی حمد وثناء کی۔

**سوالنمبر ۲۵۰ : الفاظ کے معانی لکھیں۔**

**بکاء** : گریہ وزاری، **تھملان** : آنسو بہتے ہوئے، **لم یکد** : نہیں لگتا تھا، **انجلت الشمس** : سورج نکل آیا

**سوالنمبر ۲۵۱ : نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کونسے مہینے میں نفل روزے زیادہ رکھتے تھے؟**

**جواب** : حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ سلم شعبان شریف سے زیادہ کسی دوسرے مہینے میں روزے نہیں رکھتے تھے۔

**سوالنمبر ۲۵۲ : کیا نبی کریم صلی علیہ وسلم مہینے میں تین روزے رکھتے تھے اور رکھتے تو کونسے دنوں میں رکھتے؟**

**جواب :** حضرت عائشہ رضی اللہ عنھا سے پوچھا گیا کہ کیا نبی اکرم صلی اللّٰہ علیہ وسلم ہر مہینے میں تین روزے رکھا کرتے تھے انہوں نے فرمایاہاں پھر پوچھا گیا کہ کونسے دنوں میں جواب دیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دنوں کی تعین کی پرواہ نہیں کرتے تھے۔

**سوالنمبر ۲۵۳ : رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کس عمل کو سب سے زیادہ پسند فرماتے ؟**

**جواب :** نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس عمل کو سب سے زیادہ پسند فرماتے جس کا کرنے والا اس پر ہمیشہ قائم رہے

**سوالنمبر ۲۵۴ : نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عاشورہ کے روزے کے بارے میں کیا فرمایا؟**

**جواب :** نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عاشورہ کا روزہ رکھا اور دوسروں کو روزہ رکھنے کا حکم فرمایا لیکن جب رمضان کے روزے فرض ہو گئے تو رمضان ہی کے روزے فرض رہ گئے عاشورہ کا روزہ چھوڑ دیا گیا۔ جس نے چاہا عاشورہ کا روزہ رکھا جس نے چاہا چھوڑ دیا یعنی عاشورہ کی فرضت روزہ ختم ہو گئی.

**سوالنمبر ۲۵۵ : الفاظ کے معانی لکھیں۔**

**دیمۃ :** ہمیشہ، **یطیق :** طاقت، **لا یبالی :** خاص نہ کرتے

**سوالنمبر ۲۵۶ : حضرت عوف بن مالک کا وہ آنکھوں دیکھا حال بیان کریں جو آپ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو حالت نماز میں کرتے پایا؟**

**جواب :** آپ فرماتے ہیں کہ میں ایک رات نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر تھا آپ نے مسواک کی وضو فرمایا اور پھر نماز پڑھنے کے لیے کھڑے ہو گئے۔ جب آپ کسی آیت "رحمت پر پہنچتے تو ٹھہر جاتے اور رحمت کا سوال کرتے اور جب آیت عذاب پر پہنچتے تو پناہ مانگتے۔

**سوالنمبر ۲۵۷ : نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا انداز قرات بیان کریں؟**

**جواب :** حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قرأت کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جس لفظ کو کھینچنا ہو تا اسکو کھینچ کر پڑھتے۔

**سوالنمبر ۲۵۸ : نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم قرآن پاک کی آیات کو کس طرح پڑھتے ؟**

**جواب :** نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم قرآن پاک کی آیات جدا جدا کر کے پڑھتے یعنی اسطرح تلاوت فرماتے الحمد للہ رب العالمین و پھر وقفہ فرماتے اور پڑھتے الرحمن الرحیم۔

**سوالنمبر ۲۵۹ : جب حضرت مظعون رضی اللہ عنہ انتقال کر گئے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا کیا؟**

**جواب :** حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں جب حضرت مظعون رضی اللہ عنہ انتقال کر گئے تو نبی کریم صلی اللہ علیہ آلہ وسلم ان کی میت کو بوسہ بھی دے رہے تھے (یا راوی نے کہا) کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔

**سوالنمبر ۲۶۰ : حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی شہزادی حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا کو کسی صحابی رضی اللہ عنہ نے قبر میں اتارا؟**

**جواب :** حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ نے آپ رضی اللہ عنہا کو قبر اطہر میں اتارا۔

**سوالنمبر ۲۶۱ : آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا بستر مبارک کیسا تھا؟**

**جواب :** حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جس بستر پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم آرام فرماتے تھے وہ چمڑے کا تھا اور اس میں کھجور کے پتے بھرے ہوئے تھے۔

**سوالنمبر ۲۶۲ : کونسے بستر نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو رات کی نماز سے روک دیا؟**

**جواب :** حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک ٹاٹ تھا جسے ہم دوہرا کر لیا کرتے تھے پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس پر آرام فرماتے ایک رات میں نے سوچا کہ اس ٹاٹ کی اگر چار تہیں کر دوں تو یہ حضور کے لیے زیادہ آرام دہ ہو گا پھر اس کی ہم نے چار تہیں کر دیں۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کے وقت پوچھا کہ رات کو کونسا بستر بچھایا تھا۔ ہم نے عرض کی بستر تو وہی تھا لیکن ہم نے اسکی چار تہیں کر دیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کے اسے پہلی حالت پر کر دو کیونکہ اسکی نرم نے مجھے رات کی نماز سے روکے رکھا۔

**سوالنمبر ۲۶۳ : الفاظ کے معانی لکھیں۔**

**تھراقان :** آنسو، **اَدم :** چمڑا، **لم یقارف :** جماع نہ کیا ہو، **حشوہ یسف :** سوکھی گھاس، **مسحا :** ٹاٹ

**سوالنمبر ۲۶۴ : ایک عورت جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئی اور عرض کی مجھے آپ سے کام ہے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فرمایا؟**

**جواب :** حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایک عورت نے بارگاہ رسالت میں حاضر ہو کر عرض کیا مجھے آپ سے ایک کام ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تو مدینہ طیبہ کے جس راستے میں چاہے۔ جا کر بیٹھ میں بھی وہاں بیٹھتا ہوں یعنی جہاں چاہے مجھے اپنی ضرورت سے آگاہ کر دے۔

**سوالنمبر ۲۶۵ : جنگ بنی قریظہ کے دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کس جانور پر سوار تھے؟**

**جواب :** جنگ بنی قریظہ کے دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک دراز گوش پر سوار تھے جس کی رسی اور پلان کھجور کی مونجھ کے تھے۔

**سوالنمبر۲۶۶ : کونسی چیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک یہودی کے پاس گروی رکھی تھی؟**

**جواب :** آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے زرہ ایک یہودی کے پاس گروی رکھی تھی لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وصال فرمانے تک اس کو چھڑانے کیلئے کچھ نہ پایا۔

**سوالنمبر۲۶۷ : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ کر صحابہ کرام کھڑے کیوں نہ ہوتے؟**

**جواب :** کیونکہ صحابہ کرام کو معلوم تھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اسے پسند نہیں فرماتے۔

**سوالنمبر۲۶۸ : الفاظ کے معانی لکھیں**

**مخطوم :** لگام، **والاھالۃ :** روٹی، **اکاف :** پلان، **السنخۃ :** باسی، **رحل رت :** پرانا پلان

**سوالنمبر۲۶۹ : حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر کے وقت کو کتنے حصوں میں تقسیم فرماتے تھے؟**

**جواب :** جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم گھر تشریف لاتے تو اپنے گھر کے وقت کو تین حصوں میں تقسیم فرماتے۔ ایک اللہ تعالٰی کی عبادت کیئے۔ ایک حصہ گھر والوں کے لیے اور ایک حصہ اپنی ذات کے لیے پھر اپنا حصہ اپنے اور لوگوں کے درمیان تقسیم فرماتے۔

**سوالنمبر۲۷۰ : جو صاحب اختیار تک ایسے شخص کی حاجت پہنچائے جو خود نہیں پہنچا سکتا تو اس کے لیے کیا اجر ہے؟**

**جواب :** "حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا میرے پاس ایسے آدمی کی ضرورت بھی پہنچایا کرو جو خود نہیں پہنچا سکتا کیونکہ جو ایسے آدمی کی حاجات کسی صاحب تک پہنچاتا ہے تو اللہ تعالی قیامت کے دن اسے، ثابت قدم رکھے گا۔

**سوالنمبر۲۷۱ : آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک افضل شخص کون ہے؟**

**جواب :** جو لوگوں کا زیادہ خیر خواہ ہوتا ہے وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک افضل شخص ہے۔

**سوالنمبر۲۷۲ : آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک بڑے مرتبے والا شخص کون ہے؟**

**جواب :** جو شخص لوگوں پر زیادہ احسان کرتا اور ان سے اچھا برتاؤ کرتا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک بڑے مرتبہ والا ہے۔

**سوالنمبر۲۷۳ : الفاظ کے معانی لکھیں۔**

**یتفقد :** خبر گیری، **لاتشنی :** مجلس کی غلطیاں نہ ابھارنا، **بمیسور :** نرمی سے جواب دینا، **مؤازرۃ :** مدد کرنے والا، **صنع :** کام

**سوالنمبر۲۷۴ : ام المومنین سیدنا عائشہ رضی اللہ عنھا سے جو حدیث مروی ہے اُسکے مطابق جب بھی حضور صلی اللہ تعالٰی علیہ والہ وسلم کو دو باتوں کا اختیار دیا گیا۔ تو آپ کس کو پسند فرماتے تھے؟**

**جواب :** آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب بھی دو باتوں کا اختیار دیا گیا تو آپ نے ان میں سے آسان بات پسند کی بشرطیکہ وہ گناہ نہ ہو۔

**سوالنمبر ۲۷۵ : حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے برے شخص کے شر سے بچنے کے بارے میں کیا فرمایا؟**

**جواب :** تو آپ نے فرمایا۔ اے عائشہ! سب سے برا آدمی وہ ہے جسکے شر سے بچنے کیلئے لوگ اسکو ترک کر دیں یا اُسے چھوڑ دیں۔

**سوالنمبر ۲۷۶ : حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اپنی ذات مبارک کو کونسی تین چیزوں سے پاک رکھا بیان کریں؟**

جواب:(۱) جھگڑے سے (۲) تکبر سے (۳) لایعنی باتوں سے

**سوالنمبر ۲۷۷ : حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے کن تین باتوں سے لوگوں کو بچا رکھا تھا بیان کریں؟**

**جواب :** (۱) نہ کسی کی مذمت کرتے (۲) اور نہ ہی کسی کا عیب بیان کرتے تھے (۳) اور نہ ہی کسی ایسی چیز کی جستجو کرتے تھے کہ جسکے واقع ہونے سے عار آتی ہو۔

**سوالنمبر ۲۷۸: پانچ الفاظ کے معانی بیان کریں؟**

**محارم** : حرام کردہ، **منتصرا** : بدلا لیتے ہوئے، **اتقاء** : بچتے ہوئے، **اَلنت** : نرم گفتگو، **عودتہ** : پوشیدہ

**سوالنمبر ۲۷۹ : حضرت سیدنا جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کے مطابق جب حضور صلی علیہ اللہ وسلم سے کوئی بھی چیز مانگی جاتی تو آپ کیا فرماتے؟**

**جواب :** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جب بھی کوئی چیز مانگی جاتی تو آپ کبھی بھی لایعنی نہ نا فرماتے۔

**سوالنمبر ۲۸۰ : حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کیا فرماتے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بھلائی کے بارے میں؟**

**جواب :** آپ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بھلائی میں سب سے بڑھ کر سخی تھے۔

**سوالنمبر ۲۸۱ : حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی حدیث کے مطابق حضرت جبریل کس مہینے میں حاضر ہوتے تھے؟**

**جواب :** آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس رمضان شریف میں حضرت جبریل حاضر ہوتے اور آپ انکو قرآن پاک سناتے تھے۔

**سوالنمبر ۲۸۲ : حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت کے مطابق کیا حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کل کیلئے کچھ جمع کرتے تھے؟**

**جواب :** آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کل کیلئے کوئی چیز جمع کر کے نہیں رکھتے تھے۔

**سوالنمبر ۲۸۳ : پانچ الفاظ کے معانی بیان کریں؟**

**الثناءَ** : تعریف، **ینسلخ** : دگنا کر دیتے تھے، **لغد** : کل کیلئے، **قضیتہ** : پورا کر دوں گا، **اجود** : زیادہ سخی

**سوالنمبر ۲۸۴ : حضرت ربیع رضی اللہ عنہا جب نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت میں کھجوروں اور خربوزوں کا ایک تھال لے کر حاضر ہوئی تو آپ نے انہیں کیا عطا فرمایا؟**

**جواب :** آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم نے انکو ہاتھ بھر کر زیورات اور سونا عطا فرمایا۔

**سوالنمبر ۲۸۵ : حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت کے مطابق آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیا تحفہ قبول فرماتے تھے ؟**

**جواب :** جی ہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم تحفہ قبول فرماتے اور اسکا بدلہ عنایت فرماتے تھے۔

**سوالنمبر ۲۸۶ : حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت کے مطابق آپ صلی علیہ والہ وسلم کیا سنگی لگواتے تھے ؟**

**جواب :** حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سنگی لگوائی اور میں نے آپکے حکم پر سنگی لگانے والے کو اجرت دی۔

**سوالنمبر ۲۸۷ : ام المومنین سیدنا عائشہ رضی اللہ عنہا کیا فرماتی ہیں کہ میں نے کبھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ستر کی طرف نظر کی یا نہیں ؟**

**جواب :** آپ فرماتی ہیں میں نے نبی کریم صلی الہ علیہ والہ وسلم کے ستر کی طرف کبھی نظر نہیں کی۔

**سوالنمبر ۲۸۸ : پانچ الفاظ کے معانی بیان کریں ؟**

**حُلِیًّا** : زیور، **من العذراء** : کنواری لڑکی سے، **حجامۃ** : پچھنے، **کلم** : سفارش کی، **زغب** : دانے

**سوال نمبر:۲۸۹: سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ابو الہیثم رضی اللہ عنہ کے ساتھ کہاں تشریف لے گئے اور انہوں نے آپ کی بارگاہ میں کیا پیش کیا؟**

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وسلم ابو الہیثم رضی اللہ عنہ اور حضرت ابو بکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنھما کے ساتھ ابو الہیثم کے باغ میں تشریف لے گئے اور انہوں نے کھجور کا خوشہ لا کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کیا۔

**سوال نمبر:۲۹۰: حدیث کے مطابق قیامت کے دن کتنی اور کون کونسی چیزوں کے بارے میں پوچھا جائے گا؟**

**جواب:** حدیث کے مطابق قیامت کے دن تین چیزوں کے بارے ٹھنڈا سائے. ٹھنڈا پانی اور عمدہ پاک کھجوروں۔

**سوال نمبر:۲۹۱: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو الہیثم کو کتنے خادم عطا کیے اور انہوں نے اس خادم کے ساتھ کیا سلوک کیا؟**

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو الہیثم رضی اللہ عنہ کو" کو ایک خادم عطا فرمایا اور اسکے ساتھ حسن سلوک کرنے کو فرمایا تو انہوں نے اس کے ساتھ حسن سلوک کرتے ہوئے اسے آزاد کر دیا۔

**سوال نمبر:۲۹۲: شدت بھوک میں صحابہ کرام کیا تناول فرماتے اور وہ کھانے کے بعد ان کی کیا حالت ہوتی ؟**

**جواب:** سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں شدت بھوک میں ہم جھاڑیوں کے پھل اور کیکر کی پھلیاں کھا کر گزارا کرتے یہاں تک کہ ہم جھڑے زخمی ہو جاتے اور ہمارا سر فرد بکری اور اونٹ کی طرح مینگنیاں کرتے۔

**سوال نمبر:۲۹۳: حدیث کے مطابق آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کھانے کیلئے کتنا عرصہ آگ نہ جلاتے ؟**

**جواب:** ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم مہینہ بھر ٹھرے رہتے آگ نہ جلاتے اور کھانے کے لئے صرف کھجوریں اور پانی ہوتا۔

**سوال نمبر:۲۹۴: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات وقت عمر کتنی تھی۔ حدیث سے ثابت کریں۔**

**جواب:** جریر کہتے ہیں کہ میں نے سیدنا امیر معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ سے خطبہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سیدنا ابو بکر صدیق اور سیدنا عمر فاروق

رضی اللہ عنہ تریسٹھ تریسٹھ برس کی عمر میں فوت ہوئے۔

**سوال نمبر:۲۹۵: جب عتبہ بن غزوان رضی اللہ عنہ وہاں پہنچے تو آپ کا کھانہ اور اوڑھنا کیا تھا؟**

**جواب:** عتبہ بن غزوان نے فرمایامیں خود کو دیکھتا ہوں کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ساتواں۔ شخص تھاہمارا کھانہ صرف درختوں کے پتے تھے۔ اور مجھے گری ہوئی ایک چادر ملی جس کو میں نے اپنے اور مسجد کے درمیان آدھی آدھی تقسیم کری۔

**سوال نمبر:۲۹۶: رسول اللہ صلی الہ علیہ وسلم نے اپنے ڈر اور تکلیف کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟**

**جواب:** سیدنا انس بن مالک سے روایت ہے کہ وہ فرماتے ہیں رسول اللہ صل اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مجھے اللہ تعالٰی کی راہ میں جتنا ڈرایا گیا کسی اور کو اتنا نہیں ڈرایا گیا۔ اور مجھے اللہ تعالٰی کے راستے میں جتنی تکلیفیں دی گئیں اتنی کسی اور کو نہیں دی گئ۔

**سوال نمبر:۲۹۷: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے شدت بھوک کی وجہ سے کتنے پتھر باندھے ہوئے تھے؟**

**جواب:** صحابہ کرام علیہم الرضوان نے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے شدت بھوک کی شکایت کی اور اپنے پیٹ پر بندھے ایک ایک پتھر دکھائے تو رسول کریم صلی اللہ علی وسلم نے اپنے پر بندھے دو پتھر دکھائے۔

**سوال نمبر:۲۹۸: کیا کبھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دستر خوان پر روٹی اور گوشت اکٹھا ہوا؟**

**جواب:** جی ہاں جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مہمان آتے تو یہ دونوں چیزیں مثلاً روئی اور گوشت رکھا ہوتا. البتہ یہ دونوں چیزیں اکٹھی نہیں ہوئیں۔

**سوال نمبر:۲۹۹: کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اھل وعیال نے جو کی روٹی سیر ہو کر تناول فرمائی؟**

**جواب:** عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے فرمایا رسول اللہ

اور آپ کے اھل وعیال نے کبھی جو کی روٹی بھی سیر ہو کر نہیں کھائی۔

**سوال نمبر:۳۰۰۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ اور مدینہ میں کتنے کتنے برس گزارے۔**

**جواب:** سیدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بعثت کے بعد تیرہ برس مکہ مکرمہ میں مقیم رہے اور دس برس مدینہ منورہ میں گزارے۔

**سوال نمبر:۳۰۱: حدیث کی روشنی میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا حلیہ مبارک بیان کریں؟**

**جواب:** سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہ تو زیادہ قامت والے تھے اور نہ ہی پست قامت تھے۔ رنگ مبارک نہ زیادہ سفید تھا نہ ہی زیادہ گندمی بال مبارک نہ ہی گھنگھریالے تھے نہ ہی بلکل سیدھے تھے۔

**سوال نمبر:۳۰۲: آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب نہ کسی سے ملتے اور نہ کہیں جاتے اس وقت آپ کے پاس کونسے حضرات تشریف لائے اور آپ صلی اللہ علیہ وستم ان کے ساتھ کہاں تشریف لے گئے؟**

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب نہ کسی سے ملتے اور نہ کہیں جائے اسوقت آپ کے پاس حضرت ابو بکر صدیق اور حضرت عمر رضی اللہ عنھما تشریف لائے اور آپ ان دونوں کے ساتھ ابو الہیثم بن تیہان انصاری رضی اللہ عنہ کے گھر تشریف لے گئے۔

**سوال نمبر:۳۰۳: سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی الہ عیہ وسلم کو آخری دن دفعہ کب دیکھا؟**

**جواب:** سیدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں آخری نظر جس سے میں نے دیکھا وہ سوموار کا دن تھا۔

**سوال نمبر:۳۰۴: نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے وصال کے وقت کونسی دعا فرمائی؟**

**جواب:** نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے وصال کے وقت دعا فرمائی کے اللہ مجھے میری موت کی سختیوں میں مدد فرما۔

**سوال نمبر:۳۰۵: نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال کے وقت سر مبارک کن کی گود میں تھا؟**

**جواب:** نبی پاک صل اللہ علیہ وسلم کا سر مبارک حضرت امی عائشہ رضی اللہ عنہ کی گود میں تھا

**۔سوال نمبر:۳۰۶: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی فات کے وقت کتنے بال سفید تھے۔**

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے وقت سر اور داڑھی میں بیس بال بھی سفید نہیں تھے۔

**سوال نمبر:۳۰۷: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شدت مرض کو حضرت عائشہ رضی اللہ عنھا کی بیان کردہ حدیث کی روح سے قلم بند کریں**

**جواب:** ام المومنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنھا فرماتی ہیں۔ مجھے نبی اکرم نور مجسم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات پر شدت تکلیف کا مشاہدہ کرنے کے بعد کسی شخص کی موت کی آسانی پر رشک نہیں ہوا

**سوال نمبر:۳۰۸:-جب رسول اللہ صلی الہ علیہ وسلم کی تدفین کی جگہ کے بارے میں مختلف آراء ہوئیں تو صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے کیا ارشاد فرمایا؟**

**جواب:** حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتی ہیں جب نبی اکرم نور مجسم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا وصال مبارک ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تدفین کے بارے میں مختلف آراء پیدا ہوئیں۔ تو سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کہ میں نے رسول اللہ صلی الہ علیہ وسے ایک بات سنی ہے جسے میں بھولا نہیں بلکہ اچھی طرح یاد ہے آپ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ "انبیاء کی وفات وہیں ہوتی ہے جہاں پر دفن ہونا پسند کرتے ہیں۔

**سوال نمبر۳۰۹: آپ صلی الہ علیہ وسلم کی وفات سے ہر چیز تاریک ہو گئ اسکو حدیث کی روسے قلم بند کریں**

**جواب:** حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رہجرت کے موقع ہی مدینہ منورہ تشریف لائے تو مدینہ کی ہر چیز روشن تھی اور جس دن آپ صل اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تو ہر شے تاریک تھی۔ ہم نے ابھی ہاتھوں سے خاک نہ جھاڑی تھی اور دفن میں مشغول تھے کہ اسی دوران ہی ہم نے اپنے دلوں کو پہلے سے اجنبی محسوس کیا

**۔سوال ۳۱۰: درج ذیل الفاظ کے معانی تحریر کریں۔**

**لا اغبط:** میں رشک نیہیں کرتی)

**قبّل:** اس نے بوسہ دیا

**مانفضنا:** ہم نے جھاڑی تھی

**تُوفِّيَ:** اس نے وفات پائی

**الشّاعِدُ:** کلائی

**سوال نمبر:۳۱۱: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کسی دن فوت ہوئے حدیث کے روح سے واضح کریں۔**

**جواب:** حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہ فرماتی ہیں: کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات پیر کے دن ہوئی۔

**سوال نمبر:۳۱۲: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم اقدس کو وفات کے بعد کتنی دیر رکھا گیا اور کب دفنایا گیا۔**

**جواب:** جعفر بن محمد اپنے والد (احمد الباقر) سے روایت کرتے ہیں:- کہ انہوں نے فرمایا: رسول اللہ صل اللہ علیہ کہ پیر کے دن فوت ہوئے۔ ب صلی اللہ علیہ وسلم کا جسد مبارک پیر اور منگل کی رات تک لوگوں کے درمیان) رہا۔ اور پھر رات کو تدفین عمل میں آئی۔

**سوال نمبر:۳۱۳سکرات الموت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی جگہ کس کو امامت کا حکم دیا؟**

**جواب:** حضرت سالم بن عبید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:-رسول اللہ صل اللہ علیہ وسلم پر آپ کی بیماری میں غشی طاری ہوگئی جب افاقہ ہوا تو فرمایا: کیا نماز کا وقت ہو گیا ہے؟ صحابہ کرام علیہم الرضوان نے عرض کی جی ہاں فرمایا بلال کو حکم دو کے وہ ازان دے اور ابو بکر کو حکم دو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائے۔

**سوال نمبر:۳۱۴: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے والد رقیق القلب ہیں جب وہ آپ کے مقام پر کھڑے ہوں گے تو رونے لگیں گے اور نماز پڑھانے کی طاقت نہیں رکھیں گے تو اس موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا ارشاد فرمایا؟**

**جواب:** اس موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم طاری ہو گئی، جب افاقہ ہوا تو فرمایا" بلال کو حکم دو کہ وہ اذان کے اور ابو بکر کو حکم دو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ تم تو ان عورتوں کی طرح ہو جو یوسف علیہ السلام کے ساتھ تھیں۔

**سوال:۳۱۵: مندرجہ ذیل الفاظ کے معانی رکھیں۔**

**جواب:۱-ثَقُلَ:** ہلکا پن محسوس کرنا

**۲:لِيَنكُص:** تو وہ پیچھے مڑنے لگے

**۴-اَسیف:** غمگین

**۵-اغمی:** بے ہوشی طاری ہو گئی۔

**سوال نمبر:۳۱۶: جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی تو حضر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کیا کہا۔ حدیث کی رو سے بیان کریں؟**

**۔جواب: جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی تو سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کہنے لگے کہ جو شخص یہ کہے گا کہ آپ صلی اللہ علیہ کو کی وفات ہو گئی ہے تو میں اپنی اس تلوار سے اسکی گردن اتار دوں گا۔**

**سوال-:۳۱۷: جب نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال مبارک ہوا۔ تو جب حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ کو بلایا گیا تو آپ رضی اللہ عنہ آئے اور انہوں نے کیا اور پڑھا؟**

**۔جواب:** آپ رضی اللہ عنہ آئے اور رسول اللہ صل اللہ علیہ وسلم پر جھک گئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوا (بوسہ دیا) اور یہ آیت مبارکہ پڑھی: انک میت وانھم میتون

**سوال:۳۱۸: جب حضرت علی اور حضرت عباس رضی اللہ عنہما حضرت عمر کے پاس آئے تو ان کے پاس اور کون سے صحابہ کرام موجود تھے ؟**

**جواب:** اس وقت حضرت عمر کے پاس طلحہ، زبیر، عبدالرحمن بن عوف اور حضرت سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہم

**سوال نمبر:۳۱۹: حضرت عمر نے ان صحابہ کرام کو کیا فرمایا؟**

**جواب:** حضرت عمر نے ان سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ میں تمہیں اللہ کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا نے یا تم نے رسول اللہ صلی اللہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ نبی کا ہر مال صدقہ ہوتا ہے۔ البتہ جو انہوں نے دوسروں کو کھلایا پلایا۔ بے شک ہمارا کوئی وارث نہیں بن سکتا

**سوال نمبر:۳۲۰: مندرجہ ذیل الفاظ کے معانی لکھیں.**

**تیخصمان:** وہ دونوں جھگڑ رہے تھے

**انشُدُکم::** میں تم سے پوچھتا ہوں.

**بعیر:-** اونٹ

**اشکُّ:** میں شک کرتا ہوں۔

**سوال نمبر:۳۲۱: مومن کا خواب کیا ہے؟**

**جواب:** مومن کا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔

**سوال:۳۲۲: حضرت عبداللہ بن مبارک کے نزدیک قاضی بننے کے لیے کیا لازم ہے؟**

**جواب:** حضرت عبداللہ بن مبارک رضی اللہ عنہ کے نزدیک قاضی بننے کے لیے حدیث پاک کی اتباع لازم ہے۔

**سوال نمبر:۳۲۳: ابن سیرین کے نزدیک احادیث کیا ہیں؟**

**جواب** ابن سیرین کے نزدیک احادیث "دِین" ہیں۔